# Sadiq Public School

Do the right, fear no man

**Subject: Urdu** **Class: S1** **Day: Thursday/14 Nov,2024**

Lesson :

سبق کا عُنوان : نظم (برسات کی بہاریں)

1. Inquiry

1۔ نظیر اکبر آبادی کے اسلوب دے روشناس کرانا؟

2۔ طلبہ کو نظمیہ شاعری میں منظر نگاری کے انداز اور اسلوب سے آگاہ کرنا؟

2. Information:

نظیر تخلص اور اصل نام ولی محمد تھا۔آپ دلی میں پیدا ہوئے چوں کہ عمر کا زیادہ حصہ اکبر آباد میں گزارا اس لیے اپنے نام کے ساتھ اکبر آبادی لکھتے تھے۔بارہ بھائیوں میں صرف نظیر زندہ بچے۔احمد شاہ ابدالی کے حملے کے وقت وہ اپنی ماں اور نانی کو ساتھ لے کر آگرہ پہنچے اور تاج محل کے قریب مکان میں رہنے لگے۔نظیر کی ابتدائی تعلیم کے بارے میں ارے میں زیادہ معلومات نہیں ملتیں، تاہم وہ عربی، فارسی ، ہندی اور ہندوستان کی کئی دوسری زبانیں جانتے تھے۔ان کا مزاج قلندرانہ تھا۔اسی مزاج کی وجہ سے وہ درباروں سے دور رہے۔نواب سعادت علی خان نے انھیں لکھنو بلوایا، وہ نہ گئے۔اس طرح بھرت پور کے رئیس کی دعوت بھی ٹھکرادی متھرا میں کچھ عرصہ معلم رہے مگر جلد ہی نوکری چھوڑ کر آگرہ آگئے اور سترہ روپے ماہوار پر لالہ بلاس رام کے بچوں کے اتالیق ہو گئے نظیر نے طویل عمر پائی۔آخری عمر میں فالج کے عارضے میں مبتلا ہوئے اور اسی بیماری کے باعث انتقال کیا۔

نظیر اکبر آبادی نے میر وسودا، ناسخ و آتش اور انشا وجرات کا زمانہ دیکھا، مگر اپنی آزاد طبیعت کے باعث سب سے الگ رہے۔اُن کی شاعری عوامی ہے۔انھوں نے اپنے قرب و جوار کے ماحول کے رسم ورواج اور تہذیب وتمدن کو بڑی عمدگی کے ساتھ اپنی شاعری میں ڈھالا ہے۔انھوں نے شعر وسخن کے لیے ایسے موضوعات کا انتخاب کیا، جن کا تعلق براہ راست عوام الناس، الخصوص غریب اور مفلس طبقے سے تھا۔ان کی نظموں میں مناظر فطرت، مذہبی تہوار، سماجی رسوم میلوں ٹھیلوں ، جانوروں حتیٰ کہ پھلوں اور سبزیوں کا ذکر کر کے اردو نظم گوئی کا دامن وسیع کیا۔

انھوں نے طویل اخلاقی اور اصلاحی نظمیں لکھیں۔ان کے علاوہ مناظر فطرت، موسموں اور تہواروں پر ان کی نظمیں پڑھنے سے تعلق رکھتی ہیں۔یہ نظمیں ان کے غیر معمولی مشاہدے اور زندگی کے گہرے تجربوں کی عکاس ہیں۔نظیر کی زبان عام فہم اور سادہ ہے۔ان کی شاعری کا ضخیم کلیات اُردو ادب میں بڑی اہمیت رکھتا ہے۔۱۸۳۰ ء میں اللہ کو پیارے ہو گئے۔۔

☆ غزل کے اشعار کی تشریح کرتے وقت درج ذیل باتوں کا خیال رکھنا چاہیے۔

☆ دورانِ تشریح اقوال، آیات، احادیث اور موزوں اشعار وغیرہ کا موقع محل کے مطابق استعمال تشریح کر موثر اور مدلل بنانے کے لیے معاون ثابت ہوتا ہے۔

☆ تشریح میں استعمال ہونے والے تمام حوالہ جات درست ہوں۔غلط لکھنے سے نہ لکھنا بہتر ہے۔

☆ شعر نمبر 1تا2 کے مشکل الفاظ کے معانی:

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|---|---|
| برسات | بارش کا موسم | بہاریں | خوشیاں، رونقیں | سبزہ | ہریالی |
| لہلہاہٹ | جھومنا | جھمجھاہٹ | چمک | قطرات | قطرہ کی جمع۔ بوندیں |
| مست | نشے میں۔ مگن | جھڑی | لگاتار بارش | دھومیں مچانا | شور کرنا |
| ہر جا | ہر جگہ | جل تھل | ہر طرف پانی ہی پانی ہونا | گلزار | باغ |

☆ بند نمبر1: مفہوم: برسات کی بہار اور روانی میں ہوا کا زور شور بھی شامل ہے۔ باغ سر سبز و شاداب ہیں اور درخت بھی جھوم رہے ہیں برسات کے قطرے سبزے پر اپنی چمک دکھا رہے ہیں۔ ہر بات اور جگہ میں ایک رونق ہے۔ برسات کی کثرت کی وجہ سے ایک دلچسپ تماشا نظر آتا ہے۔

☆ اہم نکات: 1) برسات کے موسم میں بہار کا احساس 2) بارش سے ٹھنڈک کا ہونا
3) سبزہ کا تر و تازہ ہونا 4) باغات میں پھول کھلنا
5) بجلی چمکنے کا منظر 6) بارش کے قطروں کا زمین پر چمکنا
7) شاعر کا پیغام

☆ حوالے کے اشعار:

ے یہ منظر سہانا، یہ دلکش سماں یہ پیاری زمیں، یہ حسیں آسماں
ے نہ جانو کم اسے یارو بڑا تماشا ہے جدھر کو دیکھو ادھر ایک تماشا ہے

☆ بند نمبر2: مفہوم: بادل ہوا کے کندھے پر سوار مست پھر رہے ہیں اور ساتھ ساتھ زبردست بارش بھی برسا رہے ہیں، بارش کے قطرات کی جھڑی لگی ہوئی ہے۔ بارش نے ہر جگہ کو پانی سے بھر دیا ہے، گویا جل تھل ہو گیا ہے۔ جس سے باغ، پودے اور پھول سیراب ہو رہے ہیں۔ برسات کی بہاریں بڑی حسین ہیں۔

☆ اہم نکات: 1) بادلوں کا چھا جانا 2) بوندوں کا زمین پر دھوم مچانا
3) گرمی کے باعث آسمان پر نظریں 4) بارش کی جھڑیاں لگنا
5) اللہ کی رحمت برسنا 6) باغ کو سبزے کے فرش میں تبدیل کرنا

☆ حوالے کے اشعار:

ے یہ باریک بوندیں، یہ گہری گھٹا یہ سبزہ خنک اور ٹھنڈی ہوا

"اور اللہ نے آسمان سے پانی اتارا پھر اس سے مردہ زمین کو زندہ کر دیا، یقیناً اس میں ان لوگوں کے لیے نشانی ہے جو سنیں"

**3. Synthesizing/ absorbing the information :**

☆ نظیر اکبر آبادی کی نظم کے ان اشعار کو غور سے پڑھیں۔
☆ ان اشعار کے مفہوم کو ذہن نشین کریں تاکہ آپ آسانی سے تشریح کر سکیں۔

**4. Practising:**

☆ نظم کے ان اشعار کی تشریح اپنی نوٹ بک پر تحریر کریں۔ ہر بند کی تشریح میں کم از کم ایک یادو حوالہ جاتی شعر وغیرہ ضرور استعمال کریں۔
☆ تشریح کرتے وقت اوپر دی گئی ہدایات کو مدِ نظر رکھیں۔

**5- Feedback:**

☆ اپنی نوٹ بک پر تشریح کرتے ہوئے آپ کے ذہن میں کوئی اور اہم سوال ہو تو اپنے سیکشن کے اردو کے استاد کے ای میل ایڈریس پر بھیجیں۔

| Class | Teachers' Names | Teachers' Abbreviations | Teachers' Email Addresses | Instructions |
|---|---|---|---|---|
| S1A | Muhammad Ghazanfar | MG | ghazanfar786421@gmail.com | S1A students will send their home assignments to their subject teacher (MG) for checking and getting feedback. |
| S1B | Hafiz Ahmad Raza | ARM | ahmed2010raza@yahoo.com | S1B students will send their home assignments to their subject teacher (ARM) for checking and getting feedback. |
| S1C | Javed Sattar | JS | javeedkhankpr@gmail.com | S1C students will send their home assignments to their subject teacher (JS) for checking and getting feedback. |
| S1GA | Rana Maheen Ahmad | RMA | maheenahmad875@gmail.com | S1GA students will send their home assignments to their subject teacher (RMA) for checking and getting feedback. |
| S1GB | Afifa Hashmi | ARH | afifaraufhashmi@gmail.com | S1GB students will send their home assignments to their subject teacher (ARH) for checking and getting feedback. |